بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگران و مدیر
لئیق احمد منیر

ماہنامہ
# اخبارِ احمدیہ
مغربی جرمنی

کتابت
مقصود الحق

معاونت ۔ طاہر کاہلوں

ماہ اگست 1981

## خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی کا سالانہ اجتماع

## 19-20 ستمبر فرانکفورٹ میں منعقد ہو گا۔ انشاء اللہ

تمام احباب کی اطلاع کیلئے یہ اعلان ہے کہ خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی کا سالانہ اجتماع انشاء اللہ العزیز مورخہ 19-20 ستمبر فرانکفورٹ میں منعقد ہوگا۔

سردست احباب کیلئے درج ذیل ہدایات تحریر ہیں۔

1- اس اجتماع میں تمام مغربی جرمنی کی مجالس / جماعتوں کی نمائندگی ہونا ضروری ہے۔

2- جماعتوں کے صدران / سیکرٹریان اجتماع میں شرکت کرنے والے احباب کی تعداد، اسماء کے بارے میں ۱۰ ستمبر تک فرانکفورٹ مشن کو اطلاع کر دیں۔ اس اطلاع میں یہ تصریح کی جائے کہ احباب کیلئے رہائش کا انتظام مسجد کی طرف سے کیا جائے۔

(بقیہ صفحہ ۷)

## جرمن مشن کے نمائندگان کی طرف سے عزت مآب سفیر پاکستان کی خدمت میں حضرت المصلح الموعودؓ کے قرآن کریم کے اُردو بامحاورہ ترجمہ کی ضبطی پر احتجاجی مراسلہ

احمدیہ مشن مغربی جرمنی کے دو نمائندگان مکرم ہدایت اللہ ہبش جنرل سیکرٹری مشن اور مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر قائد مجلس خدام الاحمدیہ فرانکفورٹ نے مورخہ 25 اگست کو جناب عزت مآب جمشید مارکر سفیر پاکستان متعینہ مغربی جرمنی سے ملاقات کی جس میں انہوں نے ممبران جماعت جرمنی کی متفقہ قرارداد پڑھ کر سنائی جس میں حکومت پنجاب کی طرف سے حضرت المصلح الموعودؓ کے بامحاورہ اردو ترجمہ قرآن کریم کی ضبطی کے خلاف احتجاج کیا گیا تھا۔ اور پاکستان کے حکام سے یہ درخواست کی گئی تھی کہ اس غیر منصفانہ اور غیر اسلامی حکم کو واپس لیا جائے۔

عزت مآب جناب سفیر پاکستان نے قرارداد کے جواب میں فرمایا کہ میں آپکے جذبات کا احترام کرتا ہوں نیز انہوں نے اس امر سے اتفاق کیا کہ ملک میں تمام جماعتوں کیلئے مکمل مذہبی آزادی ہونا چاہیئے اور وہ ممبران جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کے جذبات اور انکی درخواست حکومت پاکستان کو پہونچا دیں گے۔ تاہم انہوں نے اس امر کی تردید کی کہ حکومت پاکستان جماعت احمدیہ کے خلاف کوئی منصوبہ بندی کرتی رہی ہے۔

# ہمبرگ مشن کی خبریں

**1۔ تربیتی کلاس اطفال 2۔ جرمن مسلمان کا جنازہ 3۔ عرب تبلیغی جماعت سے گفتگو**
**4۔ .... کے پرچارکوں سے گفتگو 5۔ دو مصری مسلمانوں سے تبادلہ خیال 6۔ تقسیم لٹریچر**
**7۔ رمضان المبارک 8۔ مسجد میں وقار عمل 9۔ قبول اسلام**

---

پروگرام کے مطابق امسال پہلی مرتبہ ہمبرگ میں بچوں کی تربیتی کلاس مورخہ 25 تا 30 جولائی منعقد ہوئی اس کلاس میں ہمبرگ سے پانچ بچوں نے جنکی عمریں نو سے پندرہ سال کے درمیان ہیں شرکت کی جنکے نام درج ذیل ہیں ۔ شکیب رضا ۔ داؤد احمد ۔ نصرت احمد ۔ عطیۃ المنان ۔ تزئین رضا ۔ ہمبرگ میں مقیم نو سے پندرہ سال تک کے احمدی بچوں کی کل تعداد چھ ہے گویا حاضری قریباً نوے فیصد رہی ۔

یہ کلاس روزانہ قریباً اڑھائی گھنٹے جاری رہتی تھی جسمیں بچوں کو قرآن مجید ۔ یسرنا القرآن ۔ اسباق نماز ۔ اسلام کے ابتدائی مسائل ۔ اسلام کے بارہ میں ابتدائی معلومات اور احمدیت سے متعلق ابتدائی ضروری باتیں سکھلائی جاتی رہیں ۔ آخری دن امتحان کے نتائج کے مطابق اوّل نصرت احمد بنت چوہدری نذیر احمد صاحب دوئم شکیب رضا ابن ندیم رضا صاحب آئے ۔ ان بچوں کو خصوصی باقی بچوں کو حوصلہ افزائی کے انعامات دیئے گئے اللہ تعالیٰ اس کلاس کے عمدہ نتائج برآمد فرمائے آمین ۔ اس کلاس کو پڑھانے میں لئیق احمد صاحب منیر کے علاوہ محمد امین خالد صاحب اور شاہدہ سلیمہ صاحبہ سیکرٹری اصلاح وارشاد لجنہ اماءاللہ نے تعاون فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر

2 **جرمن مسلمان کی وفات اور انکا جنازہ :۔** ماہ جولائی میں بریمن کے نزدیک ایک جرمن مسلمان فوت ہو گئے ۔ اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ ان کا جنازہ پڑھانے والا کوئی نہ تھا جسکی وجہ سے پادری عیسائی عقیدہ کے مطابق انکی آخری رسومات ادا کرنا چاہتے تھے مکرم لئیق احمد صاحب منیر کو جب اس بات کا علم ہوا تو آپ نے اعزہ کی رضامندی سے بریمن جماعت کے دوستوں کے ساتھ متوفی کا جنازہ پڑھایا اور بعدہ قبر پر دعا کروائی اور تدفین کرنے والے ادارے سے کہا کہ انکی قبر پر صلیب کا نشان نہ بنائیں ۔

3 **تین عرب تبلیغی جماعت والوں سے گفتگو :۔** گذشتہ دنوں فرانس سے تبلیغی ٹور پر آئے ہوئے تین عرب ممالک سے تعلق رکھنے والوں سے مسجد میں تقریباً ایک گھنٹہ گفتگو ہوئی انہیں احمدیت کا پیغام پہنچایا گیا اور مختلف مسائل زیر بحث رہے ۔ عربی میں انہیں لٹریچر دیا گیا ۔

4 گذشتہ دنوں مسجد فضل عمر میں دو یہواہ وٹنس کے پرچارکوں سے تقریباً پون گھنٹہ گفتگو ہوئی عیسائیت کے بارے میں احمدیت کا نقطہ نظر پیش کیا گیا ۔

• دو مصری مسلمانوں سے گفتگو :۔ عرصہ زیر رپورٹ میں دو مصری مسلمانوں سے تقریباً ایک گھنٹہ گفتگو ہوئی احمدیت کے مختلف عقائد زیر بحث رہے ۔

• **تقسیم لٹریچر :۔** مسجد کا VISIT کرنے والوں اور خطوط کے ذریعے طلب کرنے والوں کو جرمن انگریزی اور عربی لٹریچر دیا گیا جسکی تعداد سو سے زائد ہے ۔

• **رمضان المبارک :۔** رمضان المبارک کے دوران مسجد فضل عمر ہمبرگ میں باقاعدگی سے درس قرآن مجید دیا جاتا رہا علاوہ ازیں نماز تراویح بھی باجماعت ادا کی جاتی رہی ۔

• **وقار عمل :۔** ماہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں مسجد فضل عمر کی سفیدی کی گئی اس موقعہ پر اہلیت سے دوستوں نے تعاون فرمایا جنمیں منیر الدین بابر صاحب مختار احمد صاحب امان اللہ صاحب سلیم احمد طور صاحب احمد نعیم عابد صاحب عارف نسیم صاحب اور دیگر دوستوں نے تعاون فرمایا فجزاھم اللہ ۔

• **قبول اسلام :۔** گذشتہ ماہ مختلف اوقات میں مسجد فضل عمر ہمبرگ آکر اسلام قبول کرنے والے جرمنوں کی تعداد پانچ ہے اللہ تعالیٰ سبکو استقامت عطا فرمائے ۔ آمین

• **اجلاس :۔** مؤرخہ 19 جولائی کو ہمبرگ کے حلقہ Pinneberg کا اجلاس منعقد ہوا تلاوت طاہر محمود صاحب نے کی بعد میں مکرم لئیق احمد صاحب منیر نے پون گھنٹہ تقریر کی جس میں دوستوں کو خدا تعالیٰ کے اس احسان کا شکر ادا کرنے کا ذکر کیا کہ اس نے ہمیں احمدیت جیسی نعمت عطا فرمائی ہے جسمیں خدائی وعدہ کے مطابق خلافت کا نظام جاری ہے ہمیں چاہیے کہ خلافت احمدیہ سے پوری طرح وابستہ رہیں اور خلیفہ وقت کی ہر تحریک پر بدل وجان لبیک کہیں اس موقعہ پر تازہ تحریک تعمیر مساجد خدام الاحمدیہ کیطرف بھی توجہ دلائی ۔ بعدہٗ دعا کے ساتھ یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا ۔ بعدہٗ حلقہ کیطرف سے افطاری کا اہتمام کیا گیا تھا جسمیں حلقہ کے احباب شامل ہوئے جسکے بعد نماز مغرب وعشاء ادا کی گئیں ۔

# اٹلی اور برازیل کی مساجد کیلئے خدام توجہ فرمائیں

محترم نائب صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب نے اپنے حالیہ دورہ مغربی جرمنی میں مختلف جماعتوں کا دورہ فرما کر جماعتوں کو ٹارگٹ دئیے ہیں تمام جماعتیں اپنے ان ٹارگٹس کو ستمبر میں پورا کرنے کی طرف توجہ دیں ۔ اسی طرح خدام انفرادی طور پر بھی پورا زور لگا کر اپنے وعدہ جات ستمبر میں پورا کرنے کی سعی فرمائیں ۔ چند قابل تقلید خدام کے عطایا جات (تاحال) درج ذیل ہیں ۔

1 - خداداد صاحب کوبن 1800,- مارک
2 - مبشر احمد عالم ڈیورن 500,- "
3 - چوہدری نذیر احمد کوبن 535,- "
4 - ملک محمد احسن صاحب Bietigheim 600,-
5 - نصیر الحق صاحب (ہمبرگ) 500,-
6 - نصیر الدین چوہدری " 850,-

(جاری)

# الفضل ڈائجسٹ

**حضور کی صحت :۔** الفضل کی آخری اطلاع کے مطابق حضور کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ۔ دوست حضور کی صحت وسلامتی کیلئے دعائیں کرتے رہیں۔

## واشنگٹن میں عورتوں کے حقوق اور مقام پر بین المذاہب سیمینار کا انعقاد

لجنہ اماء اللہ واشنگٹن کے زیرِ اہتمام 14 جون 1981ء کو مسجد فضل عمر واشنگٹن میں ایک بین المذاہب سیمینار کا انتظام کیا گیا جسکی تشہیر وسیع پیمانہ پر پمفلٹ چھپوا کر اور ریڈیو کے ذریعہ کی گئی چنانچہ اس موقع پر عیسائی اور یہودی خواتین کثرت سے شامل ہوئیں اور اپنے اپنے مذاہب کا نقطہ نظر پیش کیا گیا۔ بعدہٗ سوال وجواب کا سلسلہ ہوا جس سے انکے مذاہب کی خامیاں نمایاں ہو کر سامنے آئیں۔ اس پر اسلامی نقطہ نظر پیش کیا گیا اور خواتین کیطرف سے کئے گئے سوالات کے بڑی وضاحت سے جوابات دیئے گئے۔

**کینیڈا :۔** گذشتہ دنوں کینیڈا ٹیلی ویژن سے مشنری انچارج مکرم منیر الدین شمس صاحب کا ایک انٹرویو نشر کیا گیا۔ اس موقعہ پر پس منظر میں بانی سلسلہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور انکے تینوں خلفاء کی تصاویر دکھائی جاتی رہیں جسے ہزاروں لوگوں نے دیکھا۔

## عورتوں کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی زبردست تنبیہ

"انگلستان کا معاشرہ اتنا گر چکا ہے کہ انگلستان کے بدمعاش جو ہیں وہ ہر سال کم و بیش پانچ ہزار کم عمر دس بارہ سال کی لڑکی کو خراب کر دیتے ہیں اور اُن سے بچے پیدا ہو جاتے ہیں حرام کے اور جو تصویریں انھوں نے دکھائیں بچیوں کی وہ معصوم نظر آتی ہیں۔ آوارہ نہیں تھیں لیکن معاشرے میں ایک آوارگی ایسی تھی جنکے جنگل میں وہ پھنس گئیں اور اپنی عزت کھو بیٹھیں میں نے پہلے بھی کہا تھا اب بھی کہتا ہوں کہ اگر اسلام کو تم نے چھوڑا اور اس گندے معاشرے کو اپنایا اگر خدا اور اسکے رسول اور اسکے کلام اور اسکی شریعت اور اسکی تعلیم پر اس تہذیب کو تم نے ترجیح دی تو تمہاری بچیاں بھی اسی طرح ناجائز بچے جننے شروع کر دینگی۔ ایک موقعہ پر پریس کانفرنس میں ایک صحافی نے مجھ سے کہا کہ اسلام نے یہ جو پردے کی تعلیم دی ہے یہ تو عورتوں سے بڑی سختی ہے میں نے اسے کہا کہ اسلام تمہاری ماؤں اور تمہاری بیٹیوں تمہاری بہوؤں اور بہنوں کی عزت کی حفاظت کیلئے قانون بنا رہا ہے اور تمہیں وہ اچھا نہیں لگتا۔ تو وہ سمجھ گیا"

(خطاب بر موقع جلسہ سالانہ 1980ء ۔ الفضل 21 جولائی 81ء)

# نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی ہمبرگ تشریف آوری

مؤرخہ 31 جولائی کو مکرم صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ہمبرگ تشریف لائے۔ یکم اگست کو بعد نماز عید الفطر آپ نے حاضرین سے خطاب فرمایا جس میں آپ نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے پیغام کی عملی تفسیر بن کر اپنی زندگی کو اسلام کے مطابق ڈھالنے کی تلقین فرمائی۔ آخر میں آپ نے اٹلی اور برازیل میں تعمیر ہونے والی مساجد میں چندہ کی ادائیگی کیطرف توجہ دلائی بعدہٗ آپ نے مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ ہمبرگ کے اجلاس کی صدارت کی اور شعبہ وار تمام امور کا جائزہ لیتے ہوئے مزید راہنمائی فرمائی۔

مورخہ 2 اگست کو بیرون از ہمبرگ جماعتوں کیلئے نائب صدر صاحب لئیق احمد صاحب منیر کے ہمراہ روانہ ہوئے پہلا اجلاس Hannover جماعت میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں قریباً بیس دوست شامل تھے۔ بیرون از ہنوور بھی بعض دوست تشریف لائے۔ اس اجلاس میں مکرم نائب صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے تقریباً ایک گھنٹہ خطاب فرمایا اور تحریک تعمیر مساجد خدام الاحمدیہ میں بھرپور حصہ لینے کی تلقین فرمائی۔ اسی روز شام جماعت KEMPEN کا اجلاس منعقد ہوا اس اجلاس میں Kevelaar جماعت کے احباب نے بھی شرکت کی اسکے علاوہ قریبی مقامات پر رہنے والے دیگر دوست بھی شامل ہوئے اس موقعہ پر بھی مہمان موصوف نے تقریر کی۔ رات کیمپن میں مسعود احمد خان صاحب سیکرٹری جماعت کے گھر قیام کیا اگلے روز BIELEFELD کیطرف روانہ ہوئے مکرم عبدالمنان صاحب سیکرٹری جماعت نے کرایہ پر ایک ہال کا انتظام کیا ہوا تھا۔ اس اجلاس میں Minden اور Oznabrück - Schloßholte کے سیکرٹریان جماعت اور دوستوں نے شرکت کی حاضری قریباً 50 افراد پر مشتمل تھی۔ مکرم مہمان موصوف کی تقریر کے بعد دعا کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ بعدہٗ جماعت Bielefeld کیطرف سے تمام دوستوں کو کھانا کھلایا گیا۔ اسی رات ہمبرگ واپسی کے بعد اگلے روز مکرم نائب صدر صاحب فرانکفورٹ روانہ ہو گئے۔

## محترم نائب صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی فرانکفورٹ و علاقہ کی جماعتوں میں تشریف آوری

فرانکفورٹ میں مجلس خدام الاحمدیہ کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس مؤرخہ 8 اگست میں محترم نائب صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے تقریر فرمائی جس میں آپ نے بحیثیت خدام ہماری ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی اور خلافت سے وابستگی اور خلافت کی جملہ تحریکات پر لبیک کہنے کی طرف توجہ دلائی بالخصوص خدام الاحمدیہ کی حالیہ سکیم برائے مساجد اٹلی و برازیل کی طرف خدام کو پرزور تحریک فرمائی۔

مؤرخہ 9 اگست بروز اتوار صبح گیارہ بجے Mannheim میں ایک اجلاس عام کا انعقاد ہوا جس میں مقامی احباب کے علاوہ ہائیڈل برگ اور Weissenheim کے دوستوں نے بھی شرکت کی اس اجلاس میں بھی محترم نائب صدر صاحب نے علاوہ خدام الاحمدیہ کے پروگرام کے مساجد اٹلی و برازیل کی تحریک میں حصہ لینے کی تلقین فرمائی۔ اسی روز 4 بجے دوپہر

## جاپان میں احمدیہ مشن ہاؤس کی خرید اور جماعت احمدیہ جرمنی کی طرف سے عطیہ

احباب جماعت کیلئے یہ خبر باعث مسرت ہوگی کہ انشاءاللہ العزیز بہت جلد جاپان میں ٹوکیو سے دو گھنٹہ کی مسافت پر ایک شہر NAGOYA میں ایک دو منزلہ عمارت برائے مشن ہاؤس و مسجد خریدی جا رہی ہے جس کی قیمت تقریباً تین لاکھ ڈالر ہے ۔ مرکز کے زیر ارشاد جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کو یہ سعادت نصیب ہوئی ہے کہ جماعت جرمنی نے اس مقصد کیلئے مرکز کو تین ہزار 3000 ڈالر ارسال کئے ہیں ۔ فالحمدللہ علی ذالک ۔

قبل ازیں جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو میں ایک عارضی مقام کو مشن ہاؤس اور مسجد کیلئے استعمال کیا جاتا رہا ہے ۔ جہاں آجکل محترم عطاءالمجیب راشد صاحب بحیثیت مبلغ اسلام متعین ہیں ۔

---

## جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کی طرف سے اعلیٰ تعلیم کی غرض سے اسکالرشپ کا اجراء ۔

کچھ برس قبل حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف طلباء کو بلا تفریق مذہب وملت اعلیٰ تعلیم کی غرض سے اسکالرشپ دیئے جانے کا اعلان ہوا تھا ۔ اس سلسلہ میں جماعت احمدیہ مغربی جرمنی نے ایک وظیفہ دینے کی پیشکش کی تھی ۔ جس کیلئے احباب جماعت کسی قدر عطایا بھی دیتے رہے ہیں ۔

اب مرکز سلسلہ کی ہدایت کے مطابق یہ وظیفہ آسٹریلیا میں زیر تعلیم ایک طالبعلم کو جو پاکستانی ہیں اور Ph.D مکمل کر رہے ہیں جولائی سے جماعت جرمنی کی طرف سے جاری کر دیا گیا ہے ۔ فالحمدللہ علی ذالک ۔ احباب کی خدمت میں بالخصوص یہ درخواست ہے کہ اپنے عطایا جات ۔ اسکالرشپ مد دیتے رہیں تاکہ جماعت جرمنی اپنی اس پیشکش کو بخوبی پورا کر سکے ۔

---

بقیہ نائب صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا دورہ

Stuttgart میں منعقدہ اجلاس عام میں بھی محترم نائب صدر صاحب نے خطاب فرمایا جہاں Bietigheim Göppingen, Schorndorf, Sindelfingen اور Karlsruhe کی جماعتوں کے احباب نے شرکت فرمائی ۔

مؤرخہ 10 اگست بروز پیر شام آٹھ بجے جماعت نیورنبرگ کے زیر اہتمام ایک اجلاس میں محترم نائب صدر صاحب نے تقریر فرمائی جہاں Schwandorf اور Augsburg کے دوست بھی تشریف لائے تھے ۔

12 اگست بروز بدھ شام 7 بجے کولن میں ایک اجلاس عام میں محترم نائب صدر صاحب نے خطاب فرمایا جہاں Radevormwald, Remscheid اور Ludenscheid کے دوستوں نے بھی شرکت کی ۔

13 اگست شام چھ بجے Aachen کی جماعت کے زیر اہتمام اجلاس عام میں محترم نائب صدر صاحب نے خطاب فرمایا ۔

جملہ خطابات میں محترم نائب صدر صاحب خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے مساجد اٹلی و برازیل کی تحریک میں حصہ لینے کی طرف پُر زور اپیل فرمائی ۔

# اخبارِ احمدیہ

## اجلاس حلقہ Norder Stadt

جماعت احمدیہ حلقہ نارڈر سٹڈ ھمبرگ کا اجلاس عام مؤرخہ 28 جون 1981ء بوقت نو بجے دن Kirchen St.
میں ایک کرایہ کے ھال میں مکرم لئیق احمد صاحب منیر مبلغ سلسلہ کی زیر صدارت منعقد ھوا۔ تلاوت کلام پاک
کے ذریعہ اجلاس کا آغاز ہوا جو کہ مکرم کولمبس خان صاحب نے کی۔ بعدہٗ محمد امین خالد صاحب نے کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام خوش الحانی سے سنایا۔

**مذاکرہ:** نظم کے بعد مذاکرہ بعنوان "غلبہ اسلام اور ہماری ذمہ داریاں" کا آغاز کولمبس خان صاحب کی تقریر سے ھوا
جسمیں قرون اولیٰ میں غلبہ اسلام کے واقع ہونے کو جو بظاھر ناممکن تھا موجودہ دور سے تشبیہہ دیتے ہوئے بتایا کہ موجودہ
دور میں بھی الٰہی وعدہ ہر کیف پورا ہوگا۔ محمد امین خالد صاحب نے عملی نمونہ اور اسلام کے سچے خادم بننے پر زور دیا۔ محمد اشرف
بٹ صاحب نے مالی قربانی کی ضرورت واضح کی۔ ناصر احمد خان صاحب نے ذرائع ابلاغ ٹی وی اور اخبارات وغیرہ کے ذریعے تبلیغ کو
پھیلانے پر زور دیا۔ جعفر احمد خان صاحب نے مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اھمیت پر روشنی ڈالی۔ سلیم احمد طور
اور ارشاد علی صاحب شہزاد نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں مکرم لئیق احمد صاحب منیر نے صحابہ رضوان اللہ علیہم
کے واقعات بیان کرتے ہوئے نیک تبدیلی پیدا کرنے کیطرف توجہ دلائی۔

**تربیتی اجلاس:** مذاکرہ کے بعد اجلاس عام منعقد ہوا جسمیں مکرم لئیق احمد منیر صاحب نے لمبی تقریر کرتے
ہوئے ادائیگی چندہ جات۔ بدظنی سے پرھیز۔ قمار عمل اور بنکنگ سے متعلق ھدایات دیں۔

**جماعت احمدیہ نوئس:** مورخہ 19 جولائی کو جماعت احمدیہ نوئس کا ایک تربیتی اجلاس منعقد
ہوا۔ تلاوت قرآن مجید محمد اکرم بٹ صاحب نے کی نظم مکرم موسیٰ خان صاحب نے پڑھی۔ بعدہٗ عبدالرشید صاحب ندیم نے
برکات رمضان سے متعلق مضمون پڑھ کر سنایا پھر محمد الیاس جنجوعہ صاحب نے مضمون بعنوان "رمضان کا معراج کلام الٰہی کا
نزول تھا" پیش کیا۔ آخر میں سعید احمد صاحب لون نے بے راہ روی کے قرآنی طریق اصلاح کے بارے مضمون
پڑھا۔ گذشتہ ماہ اسی جماعت کے دو احباب نے S.P.D کے ممبر اور چار وزراء کو قرآن مجید مع
لٹریچر بغرض تبلیغ دیا۔ اللہ ان احباب کو احسن جزا عطا فرمائے آمین۔

---

3- وہ خدام جو ورزشی مقابلہ جات میں حصہ لینے کے خواہشمند ہوں اور وہ مجالس جو اپنی ٹیم لیکر آنا چاہیں وہ ایک ہفتہ
کے اندر اندر فرانکفورٹ مشن کو اسبارہ میں اطلاع دے دیں۔

4- تمام خدام سے درخواست ہے کہ اس اجتماع کیلئے 15 مارک کی شرح سے چندہ اجتماع ادا فرمائیں خواہ انہوں
نے اس میں شرکت کرنا ہو یا نہ کرنا ہو۔

5- اس اجتماع کے مہمان خصوصی مکرم محترم صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب نائب صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ ہونگے

# پروگرام

## سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی

### 19 ستمبر بروز ہفتہ

12.30 — 13.30 خدام اپنی آمد کی اطلاع استقبال کو دیں گے۔

13.30 — 14.00 اجتماعی کھانا

14.00 — 14.30 تیاری نماز ظہر و عصر

14.30 — 15.00 نماز ظہر و عصر

15.00 — 15.30 تلاوت، عہد۔ نظم

15.30 — 16.00 افتتاح و افتتاحی دعا

16.00 — 16.30 مقابلہ تلاوت و نظم

16.30 — 17.30 تقریری مقابلہ

عناوین۔
(1) آداب خلافت
(2) آداب معاشرہ
(3) اسلامی اخلاق

- تقریر پانچ منٹ سے زائد نہ ہو۔

17.30 — 19.00 مقابلہ عام دینی معلومات

19.00 — 20.00 وقفہ برائے کھانا

20.00 — 20.30 نماز مغرب و عشاء

20.30 — 21.00 پرچہ عام دینی معلومات

21.00 — 22.00 سوالات اور اُنکے جوابات

اس پروگرام میں علمی و دینی سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے

### 20 ستمبر بروز اتوار

4.00 — 4.30 بیداری و تیاری

4.30 — 5.00 تہجد

5.00 — 5.30 نماز فجر و درس القرآن

8.00 — 9.00 ناشتہ

9.00 — 9.30 مقابلہ پیغام رسانی

9.30 — 12.00 کھیلوں کے مقابلہ جات بمقام گراؤنڈ بالمقابل مسجد

1- فٹ بال
2- دوڑیں
3- اونچی و لمبی چھلانگ
4- گولا، تھالی پھینکنا

#### اختتامی اجلاس

12.00 — 12.30 تلاوت۔ عہد۔ نظم

12.30 — 13.00 انتخاب قائد مجلس خدام الاحمدیہ فرانکفور[illegible]

13.00 — 13.30 تلقین عمل

1- قائد مجلس خدام الاحمدیہ فرانکفو[illegible]
2- قائد مجلس خدام الاحمدیہ ہمبرگ
3- لئیق احمد منیر صاحب مبلغ سلسلہ[illegible]

13.30 — تقسیم انعامات

اختتامی تقریر